مشعل راہ

غریب، حلیم نیک نیت اور مخلوق کے ہمدرد بن جاؤ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 12 ستمبر 2003ء میں ہمدردی مخلوق کے متعلق حضرت مسیح موعود کی تعلیم بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

’’اس کے بندوں پر رحم کرو اور ان پر زبان یا ہاتھ یا کسی تدبیر سے ظلم نہ کرو اور مخلوق کی بھلائی کے لئے کوشش کرتے رہو۔ اور کسی پر تکبر نہ کرو گو اپنا ماتحت ہو۔ اور کسی کو گالی مت دو گو وہ گالی دیتا ہو۔ غریب اور حلیم اور نیک نیت اور مخلوق کے ہمدرد بن جاؤ تا قبول کئے جاؤ .... بڑے ہو کر چھوٹوں پر رحم کرو نہ ان کی تحقیر اور عالم ہو کر نادانوں کو نصیحت کرو نہ خودنمائی سے ان کی تذلیل۔ اور امیر ہو کر غریبوں کی خدمت کرو، نہ خود پسندی سے ان پر تکبر۔ ہلاکت کی راہوں سے ڈرو۔‘‘

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد19 صفحہ 11-12)

پھر فرمایا: ’’لوگ تمہیں دکھ دیں گے اور ہر طرح سے تکلیف پہنچائیں گے۔ مگر ہماری جماعت کے لوگ جوش نہ دکھائیں۔ جوش نفس سے دل دکھانے والے الفاظ استعمال نہ کرو اللہ تعالیٰ کو ایسے لوگ پسند نہیں ہوتے۔ ہماری جماعت کو اللہ تعالیٰ ایک نمونہ بنانا چاہتا ہے‘‘۔

آپ مزید فرماتے ہیں: ’’اللہ تعالیٰ متقی کو پیار کرتا ہے۔ خدا تعالیٰ کی عظمت کو یاد کر کے سب ترساں رہو اور یاد رکھو کہ سب اللہ کے بندے ہیں۔ کسی پر ظلم نہ کرو۔ نہ تیزی کرو۔ نہ کسی کو حقارت سے دیکھو جماعت میں اگر ایک آدمی گندہ ہوتا ہے تو وہ سب کو گندہ کر دیتا ہے۔ اگر حرارت کی طرف تمہاری طبیعت کا میلان ہو تو پھر اپنے دل کو ٹٹولو کہ یہ حرارت کس چشمہ سے نکلی ہے۔ یہ مقام بہت نازک ہے۔‘‘

(ملفوظات جلد نمبر1 صفحہ 8-9)

فرمایا: ’’ایسے بنو کہ تمہارا صدق اور وفا اور سوز و گداز آسمان پر پہنچ جاوے۔ خدا تعالیٰ ایسے شخص کی حفاظت کرتا اور اس کو برکت دیتا ہے جس کو دیکھتا ہے کہ اس کا سینہ صدق اور محبت سے بھرا ہوا ہے۔ وہ دلوں پر نظر ڈالتا اور جھانکتا ہے نہ کہ ظاہری قیل و قال پر۔ جس کا دل ہر قسم کے گند اور ناپاکی سے معرّا اور مبرّا پاتا ہے، اس میں آ اترتا ہے اور اپنا گھر بناتا ہے۔‘‘

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 181۔ فرمودہ 23/ مارچ 1903ء)

فرمایا: ’’میں پھر کہتا ہوں کہ جو لوگ نافع الناس ہیں اور ایمان، صدق و وفا میں کامل ہیں، وہ یقیناً بچا لئے جائیں گے۔ پس تم اپنے اندر یہ خوبیاں پیدا کرو‘‘۔

(ملفوظات جلد چہارم۔ صفحہ 184۔ جدید ایڈیشن)

فرمایا: ’’تم اس کی جناب میں قبول نہیں ہو سکتے جب تک ظاہر و باطن ایک نہ ہو۔ بڑے ہو کر چھوٹوں پر رحم کرو، نہ ان کی تحقیر۔ اور عالم ہو کر نادانوں کو نصیحت کرو، نہ خودنمائی سے ان کی تذلیل اور امیر ہو کر غریبوں کی خدمت کرو، نہ خود پسندی سے ان پر تکبر۔ ہلاکت کی راہوں سے ڈرو۔ خدا سے ڈرتے رہو اور تقویٰ اختیار کرو۔ .... کیا ہی بدقسمت وہ شخص ہے جو ان باتوں کو نہیں مانتا جو خدا کے منہ سے نکلیں اور میں نے بیان کیں۔ تم اگر چاہتے ہو کہ آسمان پر تم سے خدا راضی ہو تو تم باہم ایسے ایک ہو جاؤ جیسے ایک پیٹ میں سے دو بھائی۔ تم میں سے زیادہ بزرگ وہی ہے جو زیادہ اپنے بھائی کے گناہ بخشتا ہے۔ اور بدبخت ہے وہ جو ضد کرتا ہے اور نہیں بخشتا۔‘‘

(کشتی نوح، روحانی خزائن جلد19 صفحہ 12 تا 13)

فرمایا: ’’دراصل خدا تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ ہمدردی کرنا بہت ہی بڑی بات ہے اور خدا تعالیٰ اس کو بہت پسند کرتا ہے۔ اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا کہ وہ اس سے اپنی ہمدردی ظاہر کرتا ہے۔ عام طور پر دنیا میں بھی ایسا ہی ہوتا ہے کہ اگر کسی شخص کا خادم کسی اس کے دوست کے پاس جاوے اور وہ شخص اس کی خبر بھی نہ لے تو کیا وہ آقا جس کا کہ وہ خادم ہے اس اپنے دوست سے خوش ہوگا؟ کبھی نہیں۔ حالانکہ اس کو تو کوئی تکلیف اس نے نہیں دی، مگر نہیں۔ اس نوکر کی خدمت اور اس کے ساتھ حسن سلوک گویا مالک کے ساتھ حسن سلوک ہے۔ خدا تعالیٰ کو بھی اس طرح پر اس بات کی چڑ ہے کہ کوئی اس کی مخلوق سے سرد مہری برتے کیونکہ اس کو اپنی مخلوق بہت پیاری ہے۔ پس جو شخص خدا تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ ہمدردی کرتا ہے وہ گویا اپنے خدا کو راضی کرتا ہے‘‘۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 215 تا 216 جدید ایڈیشن)

اللہ تعالیٰ ہمیں حضرت مسیح موعود کی ان نصائح پر عمل کرنے کی توفیق دے اور آپ سے جو عہد بیعت ہم نے باندھا ہے اس کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(روزنامہ الفضل 20 جنوری 2004ء)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم مبارک احمد طاہر صاحب سیکرٹری مجلس نصرت جہاں ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مکرم ڈاکٹر عبدالحنان طاہر صاحب میڈیکل آفیسر انچارج احمدیہ ہسپتال فری ٹاؤن سیرالیون اور ان کی اہلیہ محترمہ عتیقہ حنان صاحبہ کو مورخہ 4 فروری 2008ء کو دوسرا بیٹا عطا فرمایا ہے۔ عزیز نومولود کا نام اس کی والدہ کو پیدائش سے کچھ عرصہ پہلے خواب میں بلال احمد طاہر بتایا گیا تھا اور یہی نام رکھا گیا ہے۔ نومولود مکرم عبدالمنان طاہر صاحب سابق امیر جماعت احمدیہ ضلع مظفرآباد آزاد کشمیر کا پوتا اور مکرم عبدالمنان فیاض صاحب اسلام آباد کا نواسہ ہے۔ احباب سے عزیز کے نیک، دیندار، باعمر دین کی خدمت کی توفیق پانے والا اور قرۃ العین بننے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

اعلان دارالقضاء

(مکرم سعیداللہ خان ہادی صاحب وغیرہ ترکہ مکرم چوہدری حمیداللہ خان صاحب)

مکرم سعید اللہ خان صاحب وغیرہ نے درخواست دی ہے کہ ہمارے بھائی مکرم چوہدری حمید اللہ خان صاحب وفات پا گئے ہیں ان کے نام قطعہ نمبر 11/7 محلہ دارالنصر ربوہ برقبہ 1 کنال 4 مرلہ 163 مربع فٹ الاٹ ہے۔ یہ قطعہ مذکورہ بالا مرحوم کے بھائی مکرم عزیز اللہ خان صاحب کے نام منتقل کر دیا جائے دیگر ورثاء کو اس منتقلی پر کوئی اعتراض نہ ہے۔

(1) مکرم سعیداللہ خان ہادی صاحب (بھائی)

(2) مکرم عزیزاللہ خان صاحب (بھائی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

اعلان داخلہ

Dow یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کراچی نے Dow میڈیکل کالج، سندھ میڈیکل کالج اور ڈاکٹر عشرت العباد خان انسٹیٹیوٹ آف ORAL ہیلتھ سائنسز میں MBBS اور BDS میں داخلہ کیلئے درخواستیں طلب کی ہیں۔ داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 31 مارچ 2008ء ہے۔ درخواست دہندہ کیلئے کراچی کا ڈومیسائل رکھنا ضروری ہے۔ داخلہ کے بارے میں مکمل معلومات مورخہ 10 فروری 2008ء کے ڈان میں ملاحظہ کریں۔

FC کالج نے مندرجہ ذیل بیچلر (4 سالہ) پروگرام میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔

- بیچلر آف آرٹس (آنرز)
- بیچلر آف سائنس (بزنس) (آنرز)
- بیچلر آف کمپیوٹر سائنس (آنرز)
- بیچلر آف انفارمیشن ٹیکنالوجی (آنرز)
- بیچلر آف سائنس (آنرز)

داخلہ کیلئے NTS امتحان دینا ضروری ہے۔ مکمل معلومات کیلئے مورخہ 10 فروری 2008ء کا ڈان یا www.fccollege.edu.pk ملاحظہ کریں۔

آغا خان میڈیکل یونیورسٹی نے مندرجہ ذیل ماسٹر پروگرام میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔

(1) ماسٹرز ان Epidemiology اینڈ Biostatistics

(2) ماسٹرز ان ہیلتھ پالیسی اینڈ مینجمنٹ

(3) ماسٹرز ان نرسنگ

اس کے علاوہ Ph.D ہیلتھ سائنسز میں بھی داخلہ کا اعلان کیا ہے۔

مکمل معلومات کیلئے مورخہ 10 فروری 2008ء کا ڈان یا www.aku.edu ملاحظہ کریں۔ (نظارت تعلیم)

نکاح و تقریب شادی

مکرم عبدالمجید صاحب بھٹی دارالرحمت غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ عارفہ مجید صاحبہ کے نکاح کا اعلان مکرم وحید احمد صاحب لندن ابن مکرم سید محمد کوٹلی صاحب کے ساتھ محترم مولانا سلطان محمود صاحب انور ناظر خدمت درویشاں نے مبلغ 5 ہزار سٹرلنگ پاؤنڈ حق مہر پر مورخہ 19 نومبر 2007ء کو الرفیع بینکوئٹ ہال میں کیا اور اسی روز تقریب رخصتانہ عمل میں آئی۔ بچی کے لندن پہنچنے کے بعد دعوت ولیمہ مورخہ 9 دسمبر 2007ء کو لندن میں ہوئی۔ بچی مکرم عبدالغفور صاحب درویش کی پوتی ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کیلئے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم عبداللطیف صاحب بنگوی علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے چھوٹے بیٹے اسامہ کی ریڑھ کی ہڈی کی ڈسک (Disc) کا آپریشن ہوا ہے۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

جمعرات 14 فروری 2008ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 MB/FD-10/FR

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 14 فروری 2008ء 6 صفر 1429 ہجری 14 تبلیغ 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 37

مال اور اولاد میں وسعت

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ میری والدہ کی درخواست پر رسول اللہ ﷺ نے میرے لئے یہ دعا کی کہ اے اللہ تو اس کے اموال و اولاد کو پھیلا دے اور جو کچھ تو نے اسے دیا ہے اس میں برکت دے۔ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ خدا کی قسم آج میرے پاس بہت دولت ہے اور میری اولاد اور اولاد کی اولاد ایک سو کے عدد سے تجاوز کر چکی ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الدعوات باب دعوة النبیؐ لخادمه حدیث نمبر:5868 وفتح الباری شرح حدیث هذا)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دعا بڑی چیز ہے! افسوس! لوگ نہیں سمجھتے کہ وہ کیا ہے۔ بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ہر دعا جس طرز اور حالت پر مانگی جاوے، ضرور قبول ہو جانی چاہئے۔ اس لئے جب وہ کوئی دعا مانگتے ہیں اور پھر وہ اپنے دل میں جمائی ہوئی صورت کے مطابق اس کو پورا ہوتا نہیں دیکھتے، تو مایوس اور ناامید ہو کر اللہ تعالیٰ پر بدظن ہو جاتے ہیں؛ حالانکہ مومن کی یہ شان ہونی چاہئے کہ اگر بظاہر اسے اپنی دعا میں مراد حاصل نہ ہو، تب بھی ناامید نہ ہو۔ کیونکہ رحمت الٰہی نے اس دعا کو اس کے حق میں مفید نہیں قرار دیا۔ دیکھو بچہ اگر ایک آگ کے انگارے کو پکڑنا چاہے تو ماں دوڑ کر اس کو پکڑ لے گی۔ بلکہ اگر بچہ کی اس نادانی پر ایک تھپڑ بھی لگا دے، تو کوئی تعجب نہیں۔ اسی طرح مجھے تو ایک لذت اور سرور آ جاتا ہے۔ جب میں اس فلسفۂ دعا پر غور کرتا ہوں اور دیکھتا ہوں کہ وہ علیم و خبیر خدا جانتا ہے کہ کونسی دعا مفید ہے۔

مجھے بارہا افسوس آتا ہے۔ جب لوگ دعا کے لئے خطوط بھیجتے ہیں اور ساتھ ہی لکھ دیتے ہیں کہ اگر ہمارے لئے یہ دعا قبول نہ ہوئی تو ہم جھوٹا سمجھ لیں گے۔ آہ! یہ لوگ آداب دعا سے کیسے بے خبر ہیں۔ نہیں جانتے کہ دعا کرنے والے اور کرانے والے کے لئے کیسی شرائط ہیں۔ اس سے پہلے کہ دعا کی جاوے یہ بدظنی کا شکار ہو جاتے ہیں اور اپنے ماننے کا احسان جتانا چاہتے ہیں اور نہ ماننے اور تکذیب کی دھمکی دیتے ہیں۔ ایسا خط پڑھ کر مجھے بدبو آ جاتی ہے اور مجھے خیال آ جاتا ہے کہ اس سے بہتر تھا کہ یہ دعا کے لئے خط ہی نہ لکھتا۔

میں نے کئی بار اس مسئلہ کو بیان کیا ہے اور پھر مختصر طور پر سمجھاتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے دوستانہ معاملہ کرنا چاہتا ہے۔ دوستوں میں ایک سلسلہ تبادلہ کا رہتا ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں میں بھی اسی رنگ کا ایک سلسلہ ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے نزدیک مبادلہ یہ ہے کہ جیسے وہ اپنے بندے کی ہزارہا دعاؤں کو سنتا اور مانتا ہے۔ اس کے عیبوں کی پردہ پوشی کرتا ہے۔ باوجودیکہ وہ ایک ذلیل سے ذلیل ہستی ہے لیکن اس پر فضل و رحم کرتا ہے۔ اسی طرح اس کا حق ہے کہ یہ خدا کی بھی مان لے یعنی اگر کسی دعا میں اپنے منشاء اور مُراد کے موافق ناکام رہے، تو خدا پر بدظن نہ ہو، بلکہ اپنی اس نامرادی کو کسی غلطی کا نتیجہ قرار دے کر اللہ تعالیٰ کی رضا پر انشراح صدر کے ساتھ راضی ہو جاوے اور سمجھ لے کہ میرا مولیٰ یہی چاہتا ہے۔

یہ خوب یاد رکھو کہ انسان کی دعا اس وقت قبول ہوتی ہے جبکہ وہ اللہ تعالیٰ کے لئے غفلت فسق و فجور کو چھوڑ دے۔ جس قدر قرب الٰہی انسان حاصل کرے گا اسی قدر قبولیت دعا کے ثمرات سے حصہ لے گا۔ اسی لئے فرمایا .... (البقرہ: 187) اور دوسری جگہ فرمایا ہے .... (سبا: 53) یعنی جو مجھ سے دور ہو۔ اس کی دعا کیونکر سنوں۔ یہ گویا عام قانون قدرت کے نظارہ سے ایک سبق دیا ہے۔ یہ نہیں کہ خدا سن نہیں سکتا۔ وہ تو دل کے مخفی در مخفی ارادوں اور ان ارادوں سے بھی واقف ہے جو ابھی پیدا نہیں ہوئے، مگر یہاں انسان کو قرب الٰہی کی طرف توجہ دلائی ہے کہ جیسے دور کی آواز سنائی نہیں دیتی۔ اسی طرح پر جو شخص غفلت اور فسق و فجور میں مبتلا رہ کر مجھ سے دور ہوتا جاتا ہے۔ جس قدر وہ دور ہوتا ہے اسی قدر حجاب اور فاصلہ اس کی دعاؤں کی قبولیت میں ہوتا جاتا ہے۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 434)

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔
''سچائی کو اپنا شیوہ بناؤ''
(مشعل راہ جلد اول صفحہ 405)

نتیجہ امتحان سہ ماہی چہارم 2007ء

(قیادت تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان)

امتحان سہ ماہی چہارم 2007ء میں پاکستان بھر کی 532 مجالس کے 8336 انصار نے شرکت کی۔ نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے اراکین کے اسماء درج ذیل ہیں۔ علاوہ ازیں 237۔ انصار نے اس امتحان میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے خصوصی گریڈ اے حاصل کیا۔ اللہ تعالیٰ یہ اعزاز ان اراکین کیلئے مبارک کرے اور مزید علمی ترقیات سے نوازے۔ آمین

اول 1۔ مکرم آرکیٹیکٹ شعیب احمد ہاشمی صاحب گلشن اقبال غربی کراچی
2۔ مکرم منصور احمد لکھنوی صاحب گلشن اقبال شرقی کراچی

دوم 1۔ مکرم ڈاکٹر منصور احمد صاحب جوہر ٹاؤن لاہور
2۔ مکرم عبدالرشید ساٹری صاحب عزیز آباد کراچی

سوم 1۔ مکرم عبدالسلام ارشد صاحب شمالی چھاؤنی لاہور
2۔ مکرم بشارت احمد طاہر صاحب کھاریاں
3۔ مکرم محمود مجیب اصغر صاحب دارالصدر شمالی انوار ربوہ

اگلی دس پوزیشنز حاصل کرنے والے انصار

مکرم میاں مجید الرحمٰن صاحب جوہر ٹاؤن لاہور
مکرم محمد انور نسیم صاحب دارالیمن وسطی سلام ربوہ
مکرم ناصر احمد ڈوگر صاحب ناصر آباد شرقی ربوہ
مکرم ملک عبدالسلام صاحب سرگودھا شہر
مکرم مقبول احمد صاحب دارالعلوم وسطی ربوہ
مکرم رانا نصیر محمد خان صاحب رائے ونڈ ضلع لاہور
مکرم محمد ثناء اللہ صاحب النور راولپنڈی
مکرم ماسٹر نذیر احمد صاحب 58/3 ٹکڑا ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ
مکرم عبدالغفور طور صاحب ناصر آباد جنوبی ربوہ
مکرم خالد محمود باجوہ صاحب ہارون آباد ضلع بہاولنگر

(قائد تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان)

مکرم غلام مصباح بلوچ صاحب

رفیق حضرت مسیح موعود

حضرت منشی سلطان عالم صاحب۔ گوٹریالہ ضلع گجرات

ولادت: 1883ء

بیعت: 1906ء

وفات: 1959ء

حضرت منشی سلطان عالم صاحب ولد صاحب داد قوم جٹ تہال تحصیل کھاریاں ضلع گجرات کے گاؤں گوٹریالہ کے رہنے والے تھے، آپ اپنے گاؤں میں برانچ پوسٹ ماسٹر تھے ساتھ ہی مدرس کے فرائض بھی سرانجام دیتے۔ 1905ء میں آپ کو احمدیت سے آگاہی ہوئی اور اگلے سال تحقیق وتسلی کے بعد داخل احمدیت ہوئے، حضرت مسیح موعود پر ایمان لانے کی داستان بیان کرتے ہوئے آپ فرماتے ہیں:

جون 1905ء میں جب ہمارے ہاں پرائمری سکول کھلنا منظور ہوا اور جس کی ابتدا ایک شخص مسمّی نیک عالم سکنہ خانپور نے آکر کی، میں یہاں کا برانچ پوسٹ ماسٹر تھا ڈاک خانہ میں اُن کے نام خط پتر آتے اس لیے مجھے اُن سے ملنے کا اتفاق ہوتا، یہ صاحب تسخیر قلوب میں کچھ ایسے ماہر تھے کہ چند ہی دنوں میں انھوں نے مجھے اپنا گرویدہ بنالیا پھر تو بیٹھے بیٹھے انھی کے پاس سارا دن گذار دیتا۔ ایک دن ایک بڑا سا پیکٹ اُن کے نام ڈاک سے برآمد ہوا میں لے کر ان کے پاس گیا کھولا تو اخبار الحکم کے متعدد پرچے پائے جو کسی سلطان احمد نام ..... اُن کے کلاس فیلو نے راولپنڈی سے اُن کے نام بھیجے تھے، آں مہرباں نے اُلٹ پلٹ کر سرسری نظر سے دیکھ کر اخبار رکھ دیے اور تعلیم کے کام میں لگ گئے اور میں اُن کے مطالعہ میں مشغول ہوگیا، ان کے مضامین کچھ ایسے دلکش اور میرے مذاق کے موافق تھے کہ چھوڑنے کو دل نہ کرتا تھا آخر منشی صاحب کی اجازت سے میں وہ سب پرچے گھر ہی میں لے آیا اور کئی بار کے بغور مطالعہ سے میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ اگر یہ (مسیح موعود) وہی شخص ہے جس کی ایک دنیا کو عرصہ تیرہ سو سال سے انتظار لگ رہی ہے اور کروڑہا مخلوق الٰہی اس حسرت کو کہ وہ اُس کے مبارک زمانہ کو پائیں، قبروں میں لے گئے اور جس کا انھیں دعویٰ ہے تو پھر اس کا انکار سیدھا جہنم میں لے جائے گا اگر اس کا ماننا اور نہ ماننا برابر ہوتا تو اتنی صدیوں سے اس کی انتظار میں لوگوں کا چشم براہ ہونا چہ معنے دارد؟ ہونہ ہو یہ وہی معلوم دیتا ہے۔ اس سے پیشتر میں اگر اس سلسلہ کے وجود سے بے خبر نہ تھا تو کم ازکم حضرت کی تعلیم سے مطلقاً ناآشنا تھا جب مَیں نے اِن اخباروں کو پڑھا خصوصاً مرزا صاحب کی وہ تقریر دلپذیر جو ''ملفوظات احمدیہ یا کلمات امام الزمان سلمہٗ الرحمان'' کے عنوان کے نیچے الحکم 1905ء کے کئی ایک پرچوں میں مسلسل درج تھی تو مجھے ایک گونہ مقاصد مرزا جی سے بھی واقفیت ہوگئی، اسی طرح جب ''......امرتسری کی پردہ دری'' کے عنوان کی ذیل میں جو کتاب انجام آتھم کے حوالہ سے ایک لمبی عبارت مباہلہ کے متعلق درج اخبار تھی پڑھتے پڑھتے جب اس موقعہ پر پہنچا جہاں مرزا صاحب فرماتے ہیں کہ ''مَیں یہ بھی شرط رکھتا ہوں کہ میری دعا کا اثر اس صورت میں سمجھا جاوے کہ جب وہ تمام لوگ جو مباہلہ کے میدان میں بالمقابل آویں ایک سال تک ان بلاؤں میں سے کسی میں گرفتار ہوجائیں، اگر ایک بھی باقی رہا تو میں اپنے تئیں کاذب سمجھوں گا اگرچہ وہ ہزار ہوں یا دو ہزار، اور پھر ان کے ہاتھ پر توبہ کروں گا اور اگر میں مرگیا تو ایک خبیث کے مرنے سے دنیا میں ٹھنڈ اور آرام ہوجائے گا۔'' تو ان کی نسبت اعلیٰ درجہ کی حسن ظنی میرے دل میں پیدا ہوگئی اگر تقلید آبائی سدراہ نہ ہوتی تو میں اُسی دم داخل بیعت مرزا صاحب ہوجاتا مگر اس میں چند در چند الٰہی حکمتیں تھیں جو بعد میں مجھ پر ظاہر ہوئیں مگر تاہم میرے صدق وراستی کے طلبگار دل کو ان پرجوش الفاظ جو یقین سے بھرے ہوئے دل کو سوائے کسی دل سے نکلنے ممکن نہیں اس معاملہ میں غور کرنے کے لیے مجبور کردیا۔

اگرچہ رسمی طور پر نماز روزہ کا میں شروع ہی سے پابند تھا اور لکھنا پڑھنا بھی کچھ جانتا ہی تھا مگر اصلاً دینیات کی تعلیم سے بالکل کورا تھا اس لیے میں نے اپنے عقل وعلم پر کچھ بھروسہ نہ کرکے .... بالآخر بہت سوچ بچار کے بعد حضرت مرزا صاحب کی خدمت میں ایک عریضہ لکھا کہ اخبار الحکم کے مطالعہ سے میری توجہ آپ کے متعلق تحقیقات کرنے کی طرف مبذول ہوئی ہے مگر لاعلمی سدراہ ہے آپ کو چونکہ ایک بڑا دعویٰ ہے اگر فی الواقعہ آپ اپنے دعوے میں سچے ہیں تو میں یقین کرتا ہوں کہ آپ کی دعا خطا نہ جائے گی لہذا نہایت ادب سے گذارش ہے کہ میرے حق میں دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ آپ کا صدق مجھ پر ظاہر فرماوے تا کہ آپ کو قبول کرکے سعادت عظمیٰ حاصل کروں، اس کا جواب حضرت اقدس کی طرف سے کسی شخص افتخار احمد (مراد حضرت پیر افتخار احمد صاحب لدھیانوی۔ ناقل) کی قلم سے لکھا ہوا بدیں مضمون پہنچا کہ آپ کا خط حضرت صاحب کی خدمت میں پہنچا آپ نے دعا فرمائی تم بھی دعا کرتے رہو۔ ہفتہ عشرہ دعائیں کرتے ہوا ہوگا کہ ایک رات رؤیا میں دیکھا کہ ڈاک سے میرے نام ایک کارڈ نکلا ہے جس پر جامن رنگ کی سیاہی سے ایڈریس کی جانب خوشخط حروف میں ذیل کا فقرہ لکھا ہوا پایا ''مرزا صاحب آپ کو یاد کرتے ہیں، رازمخفی رکھیے۔'' دوسری طرف بھی پنجابی اشعار میں کچھ لکھا ہوا تھا مگر ابھی پڑھنے نہیں پایا تھا کہ فرط انبساط سے آنکھیں کھل گئیں۔ اس خواب کی تعبیر اس وقت جو میری سمجھ میں آئی یہ تھی کہ یاد کرنے کا مطلب عام طور پر طلب ملاقات ہوا کرتا ہے مگر ایسے عظیم الشان شخص کی طلب ملاقات بحیثیت ایک امام کے بلاشبہ اُن کا بیعت کے واسطے بلانا ہے، رازمخفی رکھیے کا ارشاد الٰہی بھی ساتھ ہی تھا مگر جوش انبساط میں اس کا خیال نہ کرکے جن احباب کو اس کارروائی کے مشورہ میں شریک کیا گیا تھا واقعہ خواب اُن کے آگے بیان کردیا اور بیعت کے لیے مستعدی ظاہر کی اس پر انھوں نے مہدی کے متعلق جو غلط روایات زبان زد عوام کالانعام میں بیان کرکے مجھے تذبذب میں ڈال دیا، اس حالت تذبذب میں جو کئی مہینوں تک رہی مجھے کئی ایک عجیب درعجیب خواب بھی آئے جو فرداً فرداً اظہار صداقت مرزا جی کے لیے کافی تھے مگر اللہ تعالیٰ آپ کی صداقت کو مجھ پر اس طرح ظاہر کرنا چاہتا تھا کہ آئندہ سخت سے سخت ابتلاؤں میں بھی میرے ایمان میں تزلزل پیدا نہ ہو اس لیے میں اُن سے پورے طور پر مطمئن نہ ہوسکا اور دعاؤں میں لگا رہا اگرچہ شیطان احباب کے ذریعے میرے دل میں مختلف طریقوں سے وسوسے ڈال رہا تھا مگر میرے دل میں خوف الٰہی جاگزیں تھا اس لیے جلدی سے انکار کرنا مناسب نہ سمجھا اور نہ ہی غفلت شعاری پسند کی بلکہ دوبارہ حضرت جی کی خدمت میں لکھا کہ آپ کے متعلق میں نے ایک خواب تو دیکھا تھا مگر تسلی خاطر نہ ہوئی لہٰذا پھر دعا فرماویں کہ اللہ تعالیٰ آپ کا صدق اس طرح مجھ پر ظاہر کرے کہ تمام شک وشبے مٹ جاویں، میرے اس خط کا جواب بھی بطریق سابق یہ دیا گیا کہ حضرت جی نے دعا فرمائی تم بھی دعا کرتے رہو اور راتوں کو اٹھ کر دعائیں کرو۔

میں حضرت کے ارشاد کے موافق درود استغفار کے ساتھ دعاؤں میں لگ گیا تین ہفتہ سے زائد عرصہ نہیں گذرا تھا کہ میری زاری درگاہِ باری میں سنی گئی چنانچہ عالم خواب میں آسمان سے آواز سنی ''مرزا صاحب سچے ہیں'' ایک دفعہ نہ دو دفعہ بلکہ پے درپے، پھر صرف آسمان سے ہی نہیں بلکہ زمین اور اس کے ذرے ذرے سے دلکش انداز سے بارم بار یہی ندا آئی تھی ''مرزا صاحب سچے ہیں''.... یہ آواز کچھ ایسی بھی معلوم ہوتی تھی کہ دل چاہتا تھا ہر دم سنا کروں مگر آواز کی کثرت اور اس کی بتدریج بلندی سے اس قدر شور برپا ہوا کہ میں جاگ اٹھا، جاگنے کے ساتھ ہی تمام شکوک وشبے جو احباب کے ورغلانے سے پیدا ہوئے تھے کافور ہوگئے اور مرزا جی کی صداقت میخ آہنی کی طرح دل میں دھنس گئی چنانچہ اسی دن بیعت کے لیے خط لکھ دیا اور تھوڑے عرصہ کے بعد قادیان میں پہنچ کر حضرت جی کے پیارے ہاتھ میں ہاتھ دے کر بیعت کی اور مشرف بہ زیارت ہوا۔

(اخبار ''بدر'' قادیان 15 فروری 1912ء صفحہ 16، 17)

اسی ضمن میں اپنے ایک اور رؤیا کا ذکر کرتے ہوئے آپ لکھتے ہیں:۔

ایک رؤیا کی بناء پر جو بہت دعاؤں کے بعد مجھے دکھایا گیا جب میں نے 1906ء میں تحریری طور پر بیعت کی اور شوقِ زیارت حضرت مسیح موعود میں شب و روز بے تاب رہنے لگا تو ایک رات خواب میں دیکھا کہ ایک جُبّہ پوش بزرگ جن کا چہرہ مبارک چودھویں رات کے چاند کی طرح دمک رہا ہے سر پر عمامہ پہنے اور ہاتھ میں عصا لیے بہت بڑے مجمع سمیت حلقہ احباب کے اندر خراماں خراماں ایک طرف سے آرہے ہیں ریش مبارک مہندی سے رنگی ہوئی تھی.....

چند ماہ بعد شوق زیارت میں قادیان پہنچا تو معلوم ہوا حضرت مسیح موعود سیر کے لیے جانب مشرق قادیان تشریف لے گئے ہیں، مَیں بلاتوقف ادھر ہی چل پڑا تھوڑی دور گیا تھا کہ دیکھا حضور واپس تشریف لارہے ہیں اور مذکورہ بالا خواب کا نظارہ پیش نظر ہے جس کا مشاہدہ موجب ازدیاد ایمان ہوا، خدا کا ہزار ہزار شکر بجا لایا اور حضور کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر تجدید بیعت کی۔

(الفضل 11 جنوری 1940ء صفحہ 2)

مئی 1906ء میں آپ پہلی مرتبہ قادیان حاضر ہوئے اور حضرت اقدس مسیح موعود کی زیارت کی سعادت پائی، آپ اپنی قادیان میں آمد اور حضور کی پاکیزہ صحبت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

جون 1905ء میں جبکہ بندہ کی عمر بائیس سال کی تھی مجھے سلسلہ احمدیہ کی طرف توجہ پیدا ہوئی اور چند ماہ کے اندر اندر تمام شک وشبہات دور ہوکر محض خدا کے فضل سے داخل سلسلہ ہونے کی توفیق بھی مل گئی۔

حضرت مسیح موعود کی حیات طیبہ کا بہت تھوڑا زمانہ بندہ نے پایا یعنی صرف اڑھائی سال کے قریب، کیا پتہ تھا کہ خدا کا پاک مسیح اس قدر جلد ہم سے جدا ہوجائے گا ورنہ اس تھوڑی سی مدت میں بھی آپ کی صحبت میں رہ کر بہت کچھ استفادہ حاصل کیا جاسکتا تھا مگر

ایں سعادت بزور بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

اس اڑھائی سال کی مدت میں چند دفعہ حضور کی زیارت نصیب ہوئی اور انہی مواقع پر زبان مبارک سے آپ کا روح پرور کلام سننے کی سعادت بھی حاصل ہوئی اور انگلی میں خون لگا کر شہیدوں میں داخل ہونے کی مشہور ضرب المثل کے مصداق کے طور پر خاکسار بھی (رفقاء) حضرت مسیح موعود میں شامل ہوا۔

اوائل مئی 1906ء میں جب بندہ پہلی مرتبہ دارالامان میں حاضر ہوا تو حضور سیر کے لیے قادیان سے جانب مشرق تشریف لے گئے ہوئے تھے میں بھی بشوق زیارت ادھر چلا گیا تھوڑی دور جانے پر دیکھا کہ حضور حلقہ احباب کے اندر ہاتھ میں عصا لیے جم غفیر کے ساتھ تشریف لارہے ہیں، شرف مصافحہ سے بہرہ اندوز ہوا۔ اسی روز یا دوسرے دن (بیت) مبارک میں جو ان دنوں بہت تنگ ہوتی تھی نورالدین اعظم کی موجودگی میں جبکہ حضور جانب مشرق منہ کیے بیٹھے تھے

آپ کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر چند دیگر احباب کے ساتھ بیعت کی۔ اسی مجلس میں پہلے یا بعد حضور نے الہام ''پھر بہار آئی تو آئے ثلج کے آنے کے دن'' کی تشریح میں فرمایا کہ ثلج عربی زبان میں برف کو کہتے ہیں جو آسمان سے پڑتی ہے اور جس کی وجہ سے سردی بڑھ جاتی ہے اس بنا پر الہام کا یہ مطلب معلوم ہوتا ہے کہ بہار کے ایام میں برف اور بارش کی وجہ سے غیر معمولی سردی پڑے گی، دوسرے معنی اس لفظ کے عربی میں اطمینان قلب کے بھی ہوتے ہیں جیسے کہتے ہیں فلاں تقریر موجب ثلج قلب ہوگئی، ان معنوں سے الہام کا یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ بہار کے موسم میں کسی ایسے نشان کا ظہور ہوگا جس سے لوگوں کے شبہات دور ہوکر ان کی تسلی اور اطمینان کا موجب ہوگا

(مفہوم تقریر بالفاظ خود)

جلسہ سالانہ 1906ء پر حضور کی تقاریر کو سن کر لطف اندوز ہوا ان میں سے پہلی تقریر کلمہ طیبہ پر تھی جس کی ابتدا اس فقرہ سے ہوئی تھی آپ صاحبو آرام سے سن لو، اسی تقریر یا اور کسی تقریر کے دوران میں جگہ کی تنگی کی وجہ سے کچھ لوگ (بیت) کے ملحق جانب جنوب مشرق کسی ہندو کے مکان کی چھت پر کھڑے ہوگئے جس پر مالک مکان نے گندی گالیاں انھیں دینا شروع کردیں اور فساد کی طرح ڈالی مگر حضرت اقدس نے صبر کی تلقین کرتے ہوئے جماعت کے جوش کو ٹھنڈا کردیا جس سے بات آئی گئی ہوگئی۔

جلسہ سالانہ 1907ء پر کہ وہ بھی (بیت) اقصیٰ یعنی بڑی (بیت) میں ہی منعقد ہوا تھا حضور کی ایمان افروز تقریر کو سنا، اس سال منتظمین لنگر خانہ کی بے انتظامی کی وجہ سے بعض مہمانوں کو رات کے وقت کھانا میسر نہ آیا اور وہ بھوکے رہے جس پر اس رات حضرت مسیح موعود کو ذیل کا الہام ہوا یا ایھا ....اطعموا الجائع و المعتر۔ اس سال لنگر کا انتظام شہر کے اندر اسی گلی میں ایک مکان کے اندر تھا جو چوک سے (بیت) اقصیٰ کو جاتی ہے۔

بیعت کرنے کے کچھ عرصہ کے بعد مخالفین کے ذلت آمیز سلوک سے گھبرا کر ایک دفعہ میں نے حضرت صاحب کی خدمت میں درخواست کی کہ میں یہاں اکیلا احمدی ہوں لوگ تنگ کرتے ہیں دعا فرماویں، جس پر آپ نے جواب میں لکھوایا کہ مومن اکیلا نہیں رہتا گھبرائیں نہیں چنانچہ عرصہ کے بعد یکے بعد دیگرے میرے ذریعے کئی آدمی داخل سلسلہ ہوئے اور جماعت کی صورت بن گئی۔

(رجسٹر روایات رفقاء نمبر 12 صفحہ 146-143)

آپ نہایت مخلص اور دعا گو انسان تھے اور مستجاب الدعوات بزرگ تھے خود حضرت مسیح موعود کی صداقت معلوم کرنے کے لیے آپ نے دعاؤں سے بہت مدد لی اور اللہ سمیع الدعاء نے آپ کی دعاؤں کو قبول فرمایا۔ آپ ایک علم پسند انسان بھی تھے اس غرض کے لیے کئی دینی کتب جمع کی ہوئی تھیں ان دینی کتب کا علم پھر آگے بھی پہنچانے میں جرأت سے کام لیتے تھے آپ ایک نڈر داعی الی اللہ تھے آپ کا گھر گاؤں میں احمدیت کی پہچان تھا، حضرت مولوی غلام رسول صاحب راجیکی موضع گوٹریالہ کے ایک واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

سیدنا حضرت مسیح موعود کے عہد مبارک میں جبکہ پنجاب کے مختلف علاقوں میں طاعون کے حملے ہورہے تھے میں (دعوت الی اللہ) کی غرض سے موضع گوٹریالہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات گیا اور وہاں ایک مخلص احمدی چوہدری سلطان عالم صاحب کے پاس چند دن رہا، دوران قیام میں ہر رات میں ان کے مکان کی چھت پر چڑھ کر تقریریں کرتا رہا اور لوگوں کو احمدیت کے متعلق سمجھاتا رہا چونکہ ان تقریروں میں ان لوگوں کو طاعون وغیرہ کے عذابوں سے بھی ڈراتا رہا اس لیے ایک دن صبح کے وقت اس گاؤں کے کچھ افراد میرے پاس آئے اور کہنے لگے ....کہ موضع گوٹریالہ بہت بلندی پر واقع ہے اور پھر اس کی فضا اور آب و ہوا اتنی عمدہ ہے کہ یہاں وبائی جراثیم پہنچ ہی نہیں سکتے....

خدا تعالیٰ کی حکمت ہے کہ میں تو ان لوگوں کو یہ بات کہہ کے چلا آیا مگر اس کے چند دن بعد ہی اس گاؤں میں چوہے مرنے شروع ہوگئے اور پھر طاعون نے ایسا شدید حملہ کیا کہ اس گاؤں کے اکثر محلے موت نے خالی کردیے اور کئی لوگ بھاگ کر دوسرے دیہات چلے گئے۔ بعد ازاں جب چوہدری سلطان عالم صاحب مجھ سے ملے تو انھوں نے بتایا کہ اس طاعون کے بعد جا بجا لوگوں میں یہی چرچا تھا جو کچھ احمدی مولوی صاحب نے کہا تھا وہ بالکل صحیح نکلا ہے مگر افسوس ہے کہ پھر بھی ان لوگوں کی آنکھیں نہ کھلیں اور ہدایت سے محروم ہی رہے۔

(حیات قدسی جلد دوم صفحہ 88،89)

آپ کا ایک خط آپ کے خاندان کے پاس محفوظ ہے جو آپ نے 30 مارچ 1917ء کو ایک مولوی صاحب کے نام رقم فرمایا اس کا ایک اقتباس ذیل میں درج کیا جاتا ہے جس سے آپ کے ایمان اور استقلال کا علم ہوتا ہے:

''....بعض احباب سے سموع ہوا کہ لوگوں سے عاجز کی سلیم المزاجی، نیک طینتی کا حال سن کر مجھ سے آپ اس امر کے متوقع تھے کہ آپ کے سمجھانے بجھانے سے احمدیت سے تائب ہوکر میں پھر آپ لوگوں سے مل جاؤں گا کیونکہ بزعم جناب میں محض بے علمی و جہالت کی وجہ سے احمدیت میں داخل ہوا تھا مگر آپ کی امید بر نہ آئی۔ مولٰنا! آپ مجھے خواہ اپنے منہ میاں مٹھو بننے کا مصداق سمجھو مگر خدا کے فضل سے نیک طینت بھی ہوں، سینے میں حق کو قبول کرنے والا دل بھی رکھتا ہوں، نرا جاہل بھی نہیں مگر مرزا صاحب کے خلاف جس قدر تقاریر یہاں آپ نے کیں اور میں نے سنیں ان میں کوئی بات بھی معقول اور نیک نیتی سے بیان نہیں کی گئی تھی جسے میں یا میرے دوسرے احباب قبول کرتے.....''

1918ء میں آپ نظام وصیت کے بابرکت نظام میں شامل ہوئے، آپ نے 24 دسمبر 1959ء کو گوٹریالہ میں بعمر 76 سال وفات پائی اور وہیں امانتاً دفن کیے گئے بعد ازاں 26 دسمبر 1962ء کو آپ کی تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ قطعہ 7 حصہ نمبر 5 میں ہوئی۔ آپ کی وفات پر مکرم مرزا محمود احمد صاحب بلانوی نے لکھا:

''بسلسلہ ملازمت مرحوم کو مختلف مدارس میں کام کرنا پڑا، کافی عرصہ گوٹریالہ میں گذارا جہاں غیر.... سے ان کے مقابلے ہوئے جو ان کی دینی حمیت کا ثبوت تھے، کم وبیش تین سال وہ ہمارے گاؤں موضع بلانی میں بطور ہیڈ ماسٹر مقیم رہے اور حق یہ ہے کہ ان کی دیانت، راست گوئی، شرافت اور حلم کے معترف غیر از جماعت لوگ بھی تھے چنانچہ ہمارے گاؤں کا ایک متعصب غیر احمدی کہا کرتا تھا کہ منشی سلطان عالم میں ہر خوبی موجود تھی مگر کاش یہ احمدی نہ ہوتا اور جواب میں میں کہا کرتا تھا یہ سب خوبیاں احمدیت نے ہی تو پیدا کی ہیں....

مرحوم تہجد گذار تھے اور توکل، دیانت، صبر و رضا، راست گوئی کے لحاظ سے فی الواقع ایک معیاری انسان تھے، طبیعت بے حد متین اور سلجھی ہوئی تھی، احمدیت کی (دعوت الی اللہ) کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے، گوٹریالہ کی مختصر سی جماعت انھی کی (دعوت الی اللہ) کا نتیجہ تھی....''

(الفضل 5 مارچ 1960ء صفحہ 6)

آپ کی اہلیہ محترمہ فتح بی بی صاحبہ نے بھی 1907ء میں حضور کی بیعت کی اخبار بدر 16 مئی 1907ء صفحہ 5 کالم 1 میں ان کی بیعت کا اندراج موجود ہے انھوں نے اندازاً 1949ء میں وفات پائی اور گوٹریالہ ہی میں دفن ہوئیں۔ حضرت منشی صاحب کی اولاد میں پانچ بچے بچپن میں فوت ہوگئے باقی دو بیٹیوں اور ایک بیٹے نے لمبی عمر پائی:

1۔ مکرم بشارت احمد صاحب (1979ء میں بہشتی مقبرے میں دفن ہوئے)

2۔ محترمہ کلثوم بی بی صاحبہ اہلیہ چوہدری غلام احمد صاحب ابن حضرت مولوی محمد الدین صاحب ککرالی ضلع گجرات

3۔ محترمہ علیمہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم محمد احمد صاحب درویش قادیان حال دارالرحمت شرقی راجیکی ربوہ

حضرت منشی صاحب کی نسل سے مکرم رافع احمد تبسم صاحب مربی سلسلہ آجکل آئیوری کوسٹ مغربی افریقہ میں خدمت دین کی توفیق پا رہے ہیں، اسی طرح باقی خاندان بھی نظام سلسلہ کے ساتھ مخلصانہ وابستگی پر قائم ہے۔

موازنہ

ڈاکٹر مطلوب حسین اپنے کالم دل آئینہ ساز میں لکھتے ہیں:۔

میں نے ریسرچ کی بنیاد پر اسلام آباد، راولپنڈی، شیخوپورہ، لاہور، ملتان، کراچی، فیصل آباد میں گزشتہ چھ ماہ میں کم ازکم بیس دودھ کے نمونوں کو ''لیکٹو میٹر'' سے چیک کیا تھا، کوئی بھی نمونہ ملاوٹ سے پاک نہ نکلا۔

میں نے انہی شہروں میں کم ازکم پندرہ شہد کے نمونوں کو چیک کرایا، ایک بھی اصلی نہ نکلا، جبکہ پیسے بھی زیادہ لئے گئے تھے۔

میں نے سردرد کی عام بکنے والی ایلوپیتھک گولیوں کے دس نمونوں کو لیبارٹری میں ایک دوست کی مدد سے چیک کرایا، ایک بھی اصلی نہ نکلی ۔

پندرہ مرتبہ پھل خریدتے ہوئے میرا منہ دوسری طرف تھا، گھر آکر دیکھا تو سارے پھل خراب نکلے۔

میں نے ایک خاص پراسس کے تحت ایک درجن سے زائد پٹرول پمپوں سے پٹرول لے کر جانچ کرائی، ہمیشہ پٹرول کم اور ملاوٹ شدہ نکلا۔ میں نے ان تمام شہروں میں ''ایل پی جی'' کے ریٹس چیک کئے ہر کوئی حکومتی کنٹرول ریٹ سے پانچ یا 10 روپے فی کلوگرام زیادہ وصول کر رہا تھا، اس زبان کے ساتھ کہ ''لینا ہے تو لیں، ورنہ اپنی راہ لیں''۔

میں نے اپنی مسلمان پاکستانی قوم کا حضرت شعیبؑ کی قوم کے ساتھ موازنہ کیا تو مجھ پر حیرت انگیز انکشافات ہوئے کہ ہماری قوم میں بھی وہ تمام برائیاں بدرجہ اتم موجود ہیں جو حضرت شعیبؑ کی قوم میں تھیں، مثلاً جھوٹ، ملاوٹ، دھوکہ دہی، ناپ تول میں ہیرا پھیری، ڈنڈی مارنا، دو نمبر چیزوں کی فروخت، سود، قانونی حدود کو توڑنا، اقرباء پروری، سفارش اور ذخیرہ اندوزی وغیرہ وغیرہ۔

حقائق ہمیشہ تلخ ہوتے ہیں، گویا ہماری قوم قرآن میں دیئے گئے عذاب کی شرائط کے لئے پوری طرح کوالیفائی کررہی ہے، لیکن اللہ تعالیٰ مسلسل صرف نظر فرمائے جارہے ہیں ......لیکن کب تک؟؟............ کیا اللہ تعالیٰ ہماری خاطر اپنے قرآن کو بھی بدل دے گا؟؟؟

(روزنامہ ایکسپریس 17 جنوری 2008ء)

ماؤماؤ تنظیم

☆21 ر اکتوبر 1952ء کینیا میں جوموکینیاٹا نامی شخص نے ماؤماؤ نام سے ایک تنظیم قائم کی جس کا مقصد کینیا کی سرزمین کو انگریزوں سے پاک کرنا تھا۔ انگریزوں نے اس تحریک کو ختم کرنے کے لئے اس کے رہنما جوموکینیاٹا کو گرفتار کیا۔ آخرکار ماؤماؤ تنظیم کے رہنماء کو 1951ء میں رہائی ملی اور دسمبر 1963ء میں وہ آزاد کینیا کا پہلا وزیراعظم منتخب ہوا۔

حضور انور کا پیغام برموقع سالانہ اجتماع انصاراللہ بھارت

مجھے اس بات سے بہت خوشی ہوئی ہے کہ مجلس انصاراللہ بھارت سالانہ اجتماع منعقد کر رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے اجتماع کو ہرلحاظ سے کامیاب بنائے۔ تمام منتظمین اور کارکنان کو بہتر طور پر اپنے فرائض سرانجام دینے کی توفیق دے اور بہترین اجر سے نوازے۔ آمین

مکرم صدر صاحب مجلس انصاراللہ بھارت نے سالانہ اجتماع کے موقعہ پر مجھے پیغام بھجوانے کے لئے لکھا ہے۔ اس موقعہ پر میں آپ کو دو باتوں کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

پہلی بات نماز کی ادائیگی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی پیدائش کی غرض عبادت رکھی ہے اور روزانہ پانچ وقت باقاعدگی کے ساتھ نماز پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ قرآن کریم اور احادیث میں نماز کی ادائیگی پر بہت زور دیا گیا ہے۔ اس کے فوائد، برکات، اہمیت اور فرضیت بھی بیان کی گئی ہے۔ حضرت نبی کریم ﷺ کا پاک نمونہ بھی یہی بتاتا ہے کہ نماز کس قدر ضروری ہے۔ احادیث میں آتا ہے کہ آپ کا اپنی آخری بیماری میں بھی صرف اور صرف نماز ہی کی طرف دھیان تھا۔ آپ کو صحابہ سہارا دے کر مسجد میں لاتے لیکن سخت ضعف کی حالت میں بھی آپ نے نماز میں سستی نہیں کی۔

نماز انسان کو برائیوں سے بچاتی ہے۔ بے حیائی اور فحش کاموں سے روکتی ہے۔ انسان کا تزکیہ کرتی ہے۔ اسے پاک کرتی ہے۔ وہ مومن کی معراج ہے۔ جنت کی کنجی ہے۔ نماز سے خدا تعالیٰ کا قرب نصیب ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور رضا حاصل ہوتی ہے۔ نماز انسان کو سستی سے بچاتی ہے۔ وقت کی پابندی سکھاتی ہے۔ بدنی اور روحانی پاکیزگی کا درس دیتی ہے۔ اجتماعیت اور وحدانیت کی عملی تصویر پیش کرتی ہے اور باہم مساوات اور بھائی چارے کی تعلیم دیتی ہے۔ نماز سے انسان کی تربیت ہوتی ہے اور توحید کا قیام ہوتا ہے۔ نماز میں انسان اپنے رب سے دعائیں کرتا ہے۔ اس کو اپنی حاجات پیش کرتا ہے اور پھر جب دعاؤں کی قبولیت کا تجربہ کرتا ہے تو اس کے ایمان اور معرفت میں ترقی ہوتی ہے۔ نماز اللہ تعالیٰ کا وہ حکم ہے کہ جس کے متعلق قیامت کے دن سب سے پہلے سوال کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ جہنمیوں سے جب پوچھا جائے گا کہ کون سی چیز تمہیں یہاں لے آئی تو وہ کہیں گے کہ (۔) یعنی ہم نمازیں نہیں پڑھا کرتے تھے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

''نماز خدا کا حق ہے اسے خوب ادا کرو اور خدا کے دشمن سے مداہنہ کی زندگی نہ برتو۔ وفا اور صدق کا خیال رکھو۔ اگر سارا گھر غارت ہوتا ہو تو ہونے دو مگر نماز کو ترک مت کرو۔ وہ کافر اور منافق ہیں جو کہ نماز کو منحوس کہتے ہیں اور کہا کرتے ہیں کہ نماز کے شروع کرنے سے ہمارا فلاں فلاں نقصان ہوا ہے۔ نماز ہرگز خدا کے غضب کا ذریعہ نہیں ہے۔ جو اسے منحوس کہتے ہیں ان کے اندر خود زہر ہے۔ جیسے بیمار کو شیرینی کڑوی لگتی ہے ویسے ہی ان کو نماز کا مزہ نہیں آتا۔ یہ دین کو درست کرتی ہے۔ اخلاق کو درست کرتی ہے۔ دنیا کو درست کرتی ہے۔ نماز کا مزہ دنیا کے ہر ایک مزے پر غالب ہے۔ لذات جسمانی کے لئے ہزاروں خرچ ہوتے ہیں اور پھر ان کا نتیجہ بیماریاں ہوتی ہیں اور یہ مفت کا بہشت ہے جو اسے ملتا ہے۔ قرآن شریف میں دو جنتوں کا ذکر ہے۔ ایک ان میں سے نماز ہے۔''

پس خود بھی نماز کی پابندی کریں اور اپنی اولادوں کو بھی اس کی تعلیم دیتے چلے جائیں۔

دوسری ضروری بات تلاوت قرآن کریم ہے۔ ابھی رمضان کے پاکیزہ ماحول کا ہم سب نے تجربہ کیا ہے۔ ایک ایسے روحانی موسم سے گزرے ہیں کہ جس میں ہر طرف سے قرآن کریم کی تلاوت کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ بچے بڑے سب جنہیں قرآن کریم پڑھنا آتا ہے یہ کوشش کرتے ہیں کہ انہیں اس مہینے میں قرآن کریم کا دور کرنے کی توفیق ملے۔ جگہ جگہ تراجم کی کلاسز اور درسوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اب اس پاکیزہ روحانی پریکٹس کو چھوڑنہیں دینا بلکہ اسے اپنی زندگی کا مستقل حصہ بنالینا چاہئے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ لوگوں میں سے کچھ لوگ اہل اللہ ہوتے ہیں۔ عرض کیا گیا: یارسول اللہ وہ کون لوگ ہیں فرمایا: قرآن والے اہل اللہ اور اللہ کے خاص بندے ہوتے ہیں۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

''پرستش کی جڑ تلاوت کلام الٰہی ہے کیونکہ محبوب کا کلام اگر پڑھا جائے یا سنا جائے تو ضرور سچے محبت کے لئے محبت انگیز ہوتا ہے اور شورش پیدا ہوتی ہے۔''

پھر فرمایا: ''تمہارے لئے ایک ضروری تعلیم یہ ہے کہ قرآن شریف کو مہجور کی طرح نہ چھوڑ دو کہ تمہاری اسی میں زندگی ہے۔ جو لوگ قرآن کو عزت دیں گے وہ آسمان پر عزت پائیں گے۔ جو لوگ ہر ایک حدیث اور ہر ایک قول پر قرآن کو مقدم رکھیں گے ان کو آسمان پر مقدم رکھا جائے گا۔''

پس یاد رکھیں کہ ہماری نسلوں کو اگر سنبھالنا ہے تو قرآن نے سنبھالنا ہے۔ انہیں دنیوی آلائشوں سے پاک کرنا ہے تو نمازوں نے کرنا ہے۔ سو نمازیں پڑھیں۔ تلاوت کی عادت ڈالیں۔ انہیں اپنا نیک نمونہ پیش کریں۔ اسی کا اپنی نسلوں کو درس دیتے جائیں اور ان کے لئے دعائیں بھی کریں۔ یہاں سے اس عزم کے ساتھ اپنے گھروں کو لوٹیں کہ ہم نے ان دو بنیادی باتوں کی خود بھی پابندی کرنی ہے اور اپنے بچوں کو بھی اسی کی تعلیم دینی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ سب کو اس کی توفیق دے۔ آمین

(ہفت روزہ بدر قادیان 22 نومبر 2007ء)

رپورٹ 30واں سالانہ اجتماع انصاراللہ بھارت

مجلس انصاراللہ بھارت کا 30واں سہ روزہ سالانہ اجتماع مورخہ 19 تا 21راکتوبر 2007ء کو قادیان میں منعقد ہوا۔ اس مرتبہ اجتماع کے لئے پنڈال گیسٹ ہاؤسز کے جنوبی جانب احاطہ جامعۃ المبشرین میں بنایا گیا تھا اور جامعۃ المبشرین کی عمارت میں ہی مہمانان کے قیام و طعام کا انتظام تھا۔ اجتماع گاہ وسیع اور مختلف بینرز سے مزین تھا، جس میں تمام مہمانوں کے لئے کرسیوں پر نشستوں کا انتظام کیا گیا۔ اجتماع کے پروگراموں کو احسن رنگ میں سرانجام دینے کے لئے محترم مولانا منیر احمد صاحب خادم صدر مجلس انصاراللہ بھارت نے مکرم مولانا عنایت اللہ صاحب نائب صدر کی زیرنگرانی ایک کمیٹی تشکیل دی جس نے اجتماع کے جملہ پروگراموں کو مرتب کرکے مجالس کو آگاہ کیا۔ اسی طرح مختلف شعبہ جات کے تحت منتظمین و معاونین کی ڈیوٹیاں لگائیں جس سے اجتماع کے پروگرام میں تکمیل پانے میں سہولت اور بہتری پیدا ہوئی۔

پہلا دن

اجتماع کے پروگراموں کا آغاز پونے پانچ بجے صبح نماز تہجد سے ہوا نماز فجر کے بعد بیت مبارک میں مکرم مولانا عنایت اللہ صاحب نائب صدر نے بیت مبارک میں اور مکرم مولانا تنویر احمد صاحب خادم نائب ناظر اصلاح وارشاد نے سرائے طاہر میں خصوصی درس دیا۔ درس کے بعد سب انصار سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کے مزار مبارک پر گئے جہاں مکرم امیر صاحب جماعت احمدیہ نے اجتماعی دعا کرائی اس کے بعد انصار نے اپنے اپنے مقامات اور گھروں میں جاکر تلاوت قرآن مجید کی۔

افتتاحی تقریب

بعد نماز جمعہ ٹھیک تین بجے افتتاحی تقریب عمل میں آئی۔ مہمان خصوصی محترم مولانا محمد انعام صاحب غوری ناظر اعلیٰ و امیر مقامی قادیان تشریف لائے۔ موصوف نے سب سے پہلے لوائے انصاراللہ کی پرچم کشائی کی اور دعا کرائی بعدہ آپ سٹیج پر تشریف لائے۔ محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب صدر مجلس انصاراللہ پاکستان بھی رونق افروز ہوئے۔ تلاوت، عہد اور نظم کے بعد پیغام حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز مکرم صدر صاحب مجلس انصاراللہ بھارت نے پڑھ کر سنایا۔ سالانہ رپورٹ مکرم مولوی زین الدین صاحب حامد قائد عمومی مجلس انصاراللہ نے پیش کی۔ اس کے بعد مہمان خصوصی نے خطاب فرمایا مہمان خصوصی نے حضور انور ایدہ اللہ کے وصیت سے متعلق دیئے گئے ٹارگٹ کی طرف خاص توجہ دلائی خطاب کے بعد آپ نے اجتماعی دعا کروائی۔ بعدہ مقابلہ حسن قراءت پرانی مجالس ہوا۔ نماز مغرب وعشاء کے وقفہ کے بعد حضور ایدہ اللہ کا خطبہ جمعہ براہ راست احباب نے بیت سرائے طاہر اور گھروں میں سنا۔ کھانے کے وقفہ کے بعد مقابلہ نظم خوانی وتقریر معیار اول ہوا۔

دوسرا روز

دوسرے دن بھی باجماعت نماز تہجد سے پروگراموں کا آغاز ہوا۔ نماز فجر کے بعد مکرم مظفر احمد صاحب ناصر نے بیت مبارک میں اور مکرم عبدالوکیل صاحب نیاز نے سرائے طاہر میں خصوصی درس دیا۔ ساڑھے چھ بجے نمائندگان مجالس کی میٹنگ محترم صدر صاحب مجلس انصاراللہ کی زیرصدارت ہوئی اور ناشتہ کے لئے وقفہ دیا گیا۔

خصوصی اجلاس

ساڑھے نو بجے پہلا اجلاس زیرصدارت محترم صدر صاحب مجلس انصاراللہ منعقد ہوا۔ جس میں مکرم کے ظفر اللہ صاحب کی تلاوت مکرم عبدالحی صاحب کی نظم خوانی کے بعد مکرم مولانا محمد عمر صاحب ناظر اصلاح وارشاد نے بعنوان ''حسن عبادت'' مکرم مولانا محمد حمید کوثر صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ نے بعنوان تربیت اولاد، مکرم قاری نواب احمد صاحب نائب صدر صف دوم نے ''صد سالہ خلافت جوبلی اور ہماری ذمہ داریاں'' اور مکرم مولانا ظہیر احمد صاحب خادم ناظر دعوت الی اللہ نے ''وقف عارضی کی ضرورت و اہمیت پر دلچسپ اور عالمانہ انداز سے روشنی ڈالی۔ اس کے بعد انصار کی نئی مجالس کا مقابلہ نداء اور عہد ہوا۔ اس کے بعد نماز ظہر و عصر ادا کی گئیں اور کھانے کا وقفہ ہوا جس میں مہمانان کرام کے علاوہ لوکل انصار نے بھی شرکت کی۔ بعدہ کھیلوں اور نمازوں کے لئے وقفہ ہوا۔

دوسرا اجلاس ساڑھے سات بجے پنڈال میں منعقد ہوا جس میں نئی مجالس کے انصار کا مقابلہ حسن قراءت و نظم نیز معیار دوم کے انصار کی تقاریر کا مقابلہ ہوا۔

تیسرا روز

ساڑھے چار بجے نماز تہجد ادا کی گئی نماز فجر کے بعد مکرم باسط رسول صاحب نے بیت مبارک میں اور مکرم زین الدین صاحب حامد نے سرائے طاہر میں درس دیا۔ ساڑھے چھ بجے محترم صدر صاحب مجلس انصاراللہ بھارت کی زیرصدارت ایک میٹنگ ہوئی جس میں مختلف صوبہ جات سے آنے والے ناظمین، زعمائے کرام اور نمائندگان کو صدر مجلس نے بعض ضروری ہدایات دیں۔ بعدہ ناشتہ کے لئے وقفہ دیا گیا۔

خصوصی نشست

ٹھیک نو بجے پنڈال میں ہی ایک خصوصی نشست زیر صدارت محترم حافظ صالح محمد الہ دین صاحب صدر صدر انجمن احمدیہ منعقد ہوئی مکرم جمیل احمد صاحب ناصر ایڈووکیٹ نے ''انڈین سول کوڈ'' کے متعلق ضروری معلومات بہم پہنچائیں۔ آخر پر صدر اجلاس نے خطاب کیا۔

مجلس مذاکرہ

ساڑھے نو بجے مجلس مذاکرہ منعقد ہوئی جس میں مکرم مولانا محمد کریم الدین صاحب شاہد ایڈیشنل ناظم وقف جدید بیرون، مکرم مولانا سلطان احمد صاحب ظفر پرنسپل جامعۃ المبشرین، مکرم مولانا جاوید اقبال صاحب اختر سیکرٹری بہشتی مقبرہ نے ''نظام وصیت اور انصار اللہ کی ذمہ داریاں'' کے عنوان کے تحت اپنے خیالات کا ذکر کیا۔

مجلس شوریٰ

دوپہر گیارہ تا ایک بجے ایم ٹی اے ہال جامعۃ المبشرین میں مجلس شوریٰ منعقد ہوئی پہلی نشست میں انتخاب صدر مجلس انصار اللہ بھارت عمل میں آیا اور دوسری نشست میں مجلس کا بجٹ پیش ہوا جسے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں بغرض منظوری بھجوانے کا مشورہ ہوا۔ مجلس شوریٰ کے بعد نماز ظہر عصر ادا کی گئیں اور کھانے و کھیلوں کے لئے وقفہ ہوا۔

اختتامی اجلاس و تقسیم انعامات

چھ بجکر پینتالیس منٹ پر اختتامی اجلاس زیر صدارت محترم مولانا محمد انعام صاحب غوری ناظر اعلیٰ و امیر جماعت احمدیہ منعقد ہوا۔ مکرم مولوی عنایت اللہ صاحب نائب صدر مجلس صف دوم نے حضور انور ایدہ اللہ کا اجتماع کے موقعہ پر مرسلہ پیغام ایک بار پھر سنایا اور اجتماع کے کامیاب اختتام پر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کرتے ہوئے تمام تعاون کرنے والے افراد و معاونین، مہمانان کرام و منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔ آپ نے ان احباب کا بھی شکریہ ادا کیا جنہوں نے یہ عمارتیں اور گیسٹ ہاؤسز بنانے میں مالی تعاون کیا جہاں پر ہم بڑی سہولت سے اجتماع منعقد کر رہے ہیں اور رہائش کی سہولتیں ملی ہیں۔ شکریہ احباب کے بعد لیکچر سیالکوٹ تصنیف لطیف حضرت اقدس مسیح موعود اور لائحہ عمل و دستور اساسی کے ہندی ترجمہ کی رسم اجراء محترم حافظ صالح محمد الہ دین صاحب نے کی۔

محترم مولانا محمد انعام صاحب غوری نے صدارتی خطاب میں حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور احباب کو تقویٰ اختیار کرنے اور نظام وصیت میں شامل ہونے کی تلقین فرمائی۔

صدر اجلاس کے خطاب کے بعد انعامات تقسیم کئے گئے جس میں نئی و پرانی مجالس میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی مجالس کے علاوہ خصوصی کارکردگی کرنے والی مجالس اور افراد و نمائندگان پریس کو انعامات دیئے گئے۔ جبکہ علمی و ورزشی مقابلہ جات میں نمایاں پوزیشن لینے والوں کو موقعہ پر ہی انعامات دیئے گئے تھے۔

اس موقع پر 13 خوش نصیب انصار کو جنہوں نے دوران سال قرآن مجید کا ترجمہ مکمل کیا تھا مکرم حافظ صالح محمد الہ دین صاحب نے انعامات دیئے۔ آخر پر صدر اجلاس نے اجتماعی دعا کرائی۔ دونوں روز محترم صدر صاحب مجلس انصار اللہ کی زیر صدارت نمائندگان کی میٹنگ ہوئی جس میں مختلف صوبوں کے زعماء و مربیان و معلمین و نمائندگان شامل ہوئے اور صدر صاحب نے مجلس کے کاموں میں بہتری پیدا کرنے کے لئے ہدایات دیں اور نئے آنے والے مہمانوں کو مقامات مقدسہ کی اہمیت بتاتے ہوئے اس کی زیارت بھی کروائی۔ تینوں روز مختلف ورزشی مقابلہ جات و دلچسپ کھیلیں ہوئیں۔ جن میں انصار نے ذوق و شوق سے حصہ لیا۔ جملہ شعبہ جات کے منتظمین و معاونین نے دن رات خوش اسلوبی سے ڈیوٹیاں سرانجام دیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے 18 صوبوں کی 188 مجالس کے 900 سے زائد انصار نے اجتماع میں شرکت کی۔ اجتماع کے افتتاح و اختتام کی خبریں ملکی اخبارات و الیکٹرانک میڈیا نے نمایاں رنگ میں شائع کیں۔

(از: ہفت روزہ بدر قادیان 22 نومبر 2007ء)

ماخوذ

یورک ایسڈ (تیزابی مادہ) کا مرض اور علاج

